**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

**سوال نمبر ۱۔** سورۃ الفلق میں کن چیزوں سے پناہ مانگی گئی ہے؟ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

اُن تمام شرور سے جو باہر سے انسان پر حملہ آور ہوتے ہیں مثلاً جادوگر، حاسد وغیرہ۔

**سوال نمبر ۲۔** یقیناً شیطان تم دونوں (آدم علیہ السلام و حوا علیہا السلام) کا کھلا دشمن ہے۔ (یہ کس کا قول ہے) **حضرت آدم علیہ السلام**

**اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا قول**

**سوال نمبر ۳۔** نبی کسے کہتے ہیں؟ **حضرت نوح علیہ السلام**

انسانوں میں سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے کچھ افراد کو چنا جن کے ذریعہ لوگوں تک وحی کی تعلیمات پہنچائی گئیں۔ انہیں نبی کہتے ہیں۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

**سوال نمبر ۱۔** اللہ سبحانہ وتعالیٰ بے نیاز ہے" سے کیا مراد ہے؟ سورۃ الاخلاص

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو کسی شے کی ضرورت نہیں وہ کسی چیز کا محتاج نہیں ہے بلکہ سب اس کے محتاج ہیں۔

**سوال نمبر ۲۔** اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے ڈرو اور میری فرماں برداری کرو۔ (یہ کس کا قول ہے) **حضرت ھود علیہ السلام**

ھود علیہ السلام کا

**سوال نمبر ۳۔** اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے عذاب سے کون لوگ بچتے ہیں؟ **حضرت نوح علیہ السلام**

جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور نبی کی فرماں برداری کرتے ہیں اور نافرمانی سے بچتے ہیں۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

**سوال نمبر ۱۔** ابو لہب کا کیا انجام ہوا؟ سورۃ اللھب

دنیا میں ہلاک و برباد ہوا اور آخرت میں شعلوں والی آگ میں ڈالا جائے گا۔

**سوال نمبر ۲۔** انہیں اپنی بستی سے نکال دو۔ یہ بڑے پاک صاف بنتے ہیں۔ (یہ کس کا قول ہے) **حضرت لوط علیہ السلام**

قومِ لوطؑ کا

**سوال نمبر ۳۔** شیطان نے اللہ سے کس چیز کی مہلت مانگی اور کب تک کی مانگی؟ **حضرت آدم علیہ السلام**

شیطان نے اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے قیامت کے دن تک کی مہلت مانگی تاکہ وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے بندوں کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے سیدھے راستہ سے ہٹا سکے۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ مجھے آگ سے بنایا گیا اور آدم (علیہ السلام) کو مٹی سے بنایا گیا۔ (یہ کس کا قول ہے) حضرت آدم علیہ السلام

شیطان کا قول

سوال نمبر ۲۔ قومِ ھود علیہ السلام اگر قومِ نوح علیہ السلام کا انجام یاد رکھتی تو اُس کا کیا فائدہ ہوتا؟ حضرت ھود علیہ السلام

قوم ھود علیہ السلام اگر قوم نوح علیہ السلام کا انجام یاد رکھتی تو عذاب اور ہلاکت سے بچ جاتی، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رضا اور جنت کی نعمتیں حاصل کرتی۔

سوال نمبر ۳۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے توبہ و استغفار کرنے یعنی معافی مانگنے کا کیا طریقہ ہے؟ سورۃ النصر

ا۔ دل میں گناہ پر شرمندگی ہو۔ ۲۔ گناہ کو ترک کر دے۔ ۳۔ آئندہ نہ کرنے کا پکا ارادہ کرے۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ تمہیں ہمارے معبودوں نے کسی بُرائی میں مُبتلا کر دیا ہے۔ (یہ کس کا قول ہے) حضرت ھود علیہ السلام

قوم عاد کا

سوال نمبر ۲۔ سورۃ الفاتحہ کو سورۃ المناجات کیوں کہتے ہیں؟ سورۃ الفاتحہ

کیوں کہ اس سورت میں دعا مانگنے کا طریقہ سکھایا گیا ہے

سوال نمبر ۳۔ عبادت کے معنی کیا ہیں؟ سورۃ الکافرون

پوری زندگی میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی فرمانبرداری محبت کے ساتھ کرنا۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اگر تو نے ہمیں نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ فرمایا تو ہم نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ (یہ کس کا قول ہے) حضرت آدم علیہ السلام

آدم علیہ السلام اور حواؑ کا قول

سوال نمبر ۲۔ حضرت نوحؑ نے کن چیزوں سے کشتی بنائی؟ حضرت نوح علیہ السلام

لکڑی کے تختوں اور کیلوں سے

سوال نمبر ۳۔ سورۃ الکوثر میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا حکم دیا؟ سورۃ الکوثر

(الف) روزہ رکھنے اور زکوۃ دینے کا ✓ (ب) نماز پڑھنے اور قربانی کرنے کا (ج) عمرہ اور حج کرنے کا

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ پھر آ گیا ہمارا عذاب اور ہم نے اِس بستی کو اٹھا کر پٹخ دیا۔(یہ کس کا قول ہے) حضرت لوط علیہ السلام

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا

سوال نمبر ۲۔ قریش سردی کے موسم میں یمن کی طرف کیوں جاتے تھے؟ سورۃ قریش

ایک گرم علاقہ ہے

سوال نمبر ۳۔ مسکین کسے کہتے ہیں؟ سورۃ الماعون

جو شخص جو محنت مزدوری کر کے کماتا ہو لیکن اس کی ضرورتیں پوری نہ ہوتی ہوں۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ کون ہے ہم سے بڑھ کر قوّت وطاقت میں؟(یہ کس کا قول ہے) حضرت ھود علیہ السلام

قوم عاد کا

سوال نمبر ۲۔ اندر کی برائیوں سے کیا مراد ہے؟ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

شیطان اور اس کے وسوسے

سوال نمبر ۳۔ سورۃ النصر میں کیا پیشن گوئی کی گئی ہے؟ سورۃ النصر

اس سورت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشن کے مکمل ہونے کی پیشن گوئی کی گئی ہے۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ تم اِس درخت کے قریب مت جانا ورنہ ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔(یہ کس کا قول ہے) حضرت آدم علیہ السلام

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا قول

سوال نمبر ۲۔ قوم کے لوگوں نے حضرت نوحؑ کو کیا دھمکی دی؟

رجم کرنے کی

سوال نمبر ۳۔ قریش گرمی کے موسم میں کس علاقہ کی طرف جاتے تھے؟ سورۃ قریش

شام

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ سورۃ الفاتحہ اور قرآن حکیم کا کیا تعلق بیان کیا گیا ہے؟ سورۃ الفاتحہ

سورۃ الفاتحہ دعا ہے اور پورا قرآنِ حکیم اللہ ﷻ کی طرف سے اس دعا کا جواب ہے۔

سوال نمبر ۲۔ حضرت لوطؑ کی بیوی کیوں عذاب کا شکار ہوئی؟ حضرت لوط علیہ السلام

کیونکہ اُس کی ہمدردیاں اپنی نافرمان قوم کے ساتھ ہی تھیں۔

سوال نمبر ۳۔ اس سورت میں سردارانِ قریش نے نبی کریم ﷺ سے کیا مطالبہ کیا؟ سورۃ الکافرون

ایک سال ہم آپ ﷺ کے معبود کی عبادت کریں گے اور ایک سال آپ ﷺ ہمارے معبودوں کی عبادت کریں۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ جب آ گیا ہمارا عذاب تو ہم نے نجات دی اہلِ ایمان کو۔ (یہ کس کا قول ہے) حضرت ھود علیہ السلام

اللہ ﷻ کا

سوال نمبر ۲۔ جب حضرت آدم اور حوا کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو انہوں نے کیا کیا؟ حضرت آدم علیہ السلام

انہوں نے فوراً اللہ ﷻ سے معافی مانگی۔

سوال نمبر ۳۔ باہر کی برائیوں سے کیا مراد ہے؟ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس

اندھیری رات، جادو اور حسد وغیرہ

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ یقیناً ہم نے ہی تمہیں پیدا کیا اور ہم نے ہی تمہاری صورتیں بنائیں۔ (یہ کس کا قول ہے) حضرت آدم علیہ السلام

اللہ ﷻ کا قول

سوال نمبر ۲۔ ابولہب نے آپ ﷺ کی دعوت سننے کے بعد کیا کہا؟ سورۃ اللھب

(الف) آپ ﷺ نے سچ فرمایا ✓ (ب) آپ ﷺ کے ہاتھ ٹوٹ جائیں (ج) لوگو! آپ ﷺ کی بات مان لو

سوال نمبر ۳۔ کُفارِ مکّہ نبی کریم ﷺ کو زبانی و جسمانی تشدد کے باوجود کس چیز سے نہ روک سکے؟ سورۃ الکافرون

توحید کی دعوت سے۔

**پہلا دن۔ دوسرا راؤنڈ**

**سوال نمبر ا۔** اللہ ﷻ سے ڈرو اور مجھے میرے مہمانوں کے سامنے رسوانہ کرو۔(یہ کس کا قول ہے) **حضرت لوط** علیہ السلام

**لوط علیہ السلام کا**

**سوال نمبر ۲۔** حضرت ھود علیہ السلام نے قوم کو کیا سمجھایا؟ **حضرت ھود** علیہ السلام

**حضرت ھود** علیہ السلام **نے قوم کو ایک اللہ** ﷻ **کی عبادت اور اس کی نافرمانی سے بچنے کی دعوت دی اور بتوں کی عبادت سے منع کیا**

**سوال نمبر ۳۔** ہم دوسروں کو دین کی دعوت کیوں دیں؟ **حضرت نوح** علیہ السلام

**اس لئے کہ یہی انبیاء** علیہم السلام **اور نیک لوگوں کا کام ہے۔اور ایسے ہی لوگ اللہ** ﷻ **کی ناراضگی اور اس کے عذاب سے بچتے ہیں۔**